सरस्वती चन्द्र

سرسوتی چندر

اداکاران

نوتن ـ منیش

وغیرہ

قیمت دس نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

سرسوتی چندر فلم کے گانے

گانا نمبر ۱

سو سال پہلے کی بات ہے بھارت کے ایک پریوار میں
اِک تیاگ مورتی بالک کا اوتار ہوا سنسار میں
اُس تیاگ مورتی بالک پر دیکھو
ہوتی ہے انیائے کیسا
معصوم ابھی پلنے میں تھا
ممتا کا آنچل چھین لیا
سوتیلی ماتا سے اُسکو ماتا کا پیار نہ مل پایا
ڈالی پھل گیا تھی پھر بھی
من کا پھول نہ کھل پایا
اُس کلی سے کومل بالک کو پت جھڑ ہی ملا بہار میں
بھولا بھالا اوروں کے دکھ سے دل کو دکھی کر لیتا
اوروں کی آنکھوں کے آنسو اپنے دامن میں بھر لیتا
تھی چار دیواری میں ناری اور تھا اگیان کا اندھیارا
ہر طرف تھی لوٹ مسا ماری
اور دکھی تھا بھارت سارا

آسے من ہی من ویراگ ہوا جب دُکھ دیکھے سنسار میں
اِک رُوز نکل جائے نہ کہیں بیٹا من ہی من سنیاسی
یہ سوچ پتا نے منگنی کر دی ڈھونڈ کے لڑکی حبد اسی
آگیا تو بیٹا کی مانی پر
دُلہن کے گھر یہ خط بھیجا
ہے لہیری کی ناتوں والی آدرش میرا ہے جن سیوا
مجھے پیار ڈالنا ہے اپنا ساری دُنیا کے پیار میں
گانا نمبر۲۔ بھول نہیں بھیجا ہے خط میں
پریتم میرے مجھ کو لکھنا کیا یہ تمہارے قابل ہے
پیار چھپا ہے خط میں اتنا جتنے ساگر میں موتی
جو تم ہی لینا ہاتھ تمہارا پاس جو تم میرے ہوتی
نیند تمہیں تو آتی ہو گی کیا دیکھا تم نے سپنا
آنکھ کھلی تو تنہائی تھی سپنا ہو نہ سکا اپنا
تنہائی ہم دُور کریں گے لے آؤ تم شہنائی
ہر بیت بڑھا کر بھول نہ جانا ہر بیت ہمی نے سکھلائی
خط سے جی بھرتا ہی اب نین ملے تو چین ملے
چاند ہمارے انگنا اُترے کوئی تو ایسی ملے
ملنا ہو کیسے ملنے کہیں ملنے کی صورت اُمید دے
بین بجھائے بیٹھے ہیں ہم کب آؤ گے خط لکھ دو

ہیں بیٹا (اردو) ۶۰

گانا نمبر ۳ - چندن کا بدن چنچل چتون
دھیرے سے یہ تیرا مسکانا
مجھے دوش نہ دینا جگ والو ہو جاؤں اگر میں دیوانہ
یہ کام کمان بھنویں تیری پلکوں کے کنارے کجرارے
ماتھے پر سندر سورج ہونٹوں پر دہکتے انگارے
سایا بھی جو تیرا پڑ جائے
آباد ہو دل کا ویرانہ
تن بھی سندر من بھی سندر تو سندرتا کی مورت ہے
کسی اور کو شاید کم ہو گی
مجھے تیری بہت ضرورت ہے
پہلے بھی میں بہت ترسا ہوں تو اور نہ مجھکو ترسانا

گانا نمبر ۴: ہم نے اپنا سب کچھ کھویا
پیار تیرا پانے کو
چھوڑ دیا کیوں پیاس نے تیرے در ٹھکانے کو
وہ آنسو جو بہہ نہیں پائے وہ باتیں جو کہہ نہیں پائے
دل میں چھپائے بیٹھے ہیں ہم گھٹ گھٹ کے مر جانے کو
آس کی رہے تو جس کی ہوتی
ہم کو مبارک پیار کی دوری
بیٹھ گئے ہم غم کی چتا پر زندہ جل جانے کو

گانا نمبر ۵۔ کیا اوروں میں دیکھا ہے جو ہم میں نہیں پایا
تم نے ہمارے ہوتے اوروں سے دل لگایا آ آ آ
وعدہ ہم سے کیا دل کسی اور کو دے دیا
ہو نا ہو بڑے جھوٹے جاؤ پیا
تم کو ترانوں کی جنت ملے گی کہاں
حسن کی تم کو الفت ملے گی کہاں
دیکھ لینا پلٹ کر یہیں آؤ گے
ہم ہماری ادائیں کہاں پاؤ گے آ آ آ
بن ہمارے کہاں لگ سکے گا جیا
اب وہ پہلی نظر کے ارادے کہاں
عمر بھر ساتھ رہنے کے وعدے کہاں
سارے تیور تمہارے بدل جائیں گے
تم جو بدلے تو ہم بھی بدل جائیں گے آ آ آ
پھر نہ کہنا کبھی ہم سے بدلا لیا
گانا نمبر ۶۔ میں تو چھوٹی بابل کا دیش
پیا کا گھر پیارا لاگے
کوئی میکے کو دے سندیس سندیس سندیس
نندیا میں دیکھی ہے بہنا کی صورت
ساسو جی میری ہے ممتا کی مورت

پتا جیسا سسُر جی کا بھیس
چندا بھی پیارا ہے سورج بھی پیارا
پر سب سے پیارا ہے سجنا ہمارا
آنکھیں سمجھیں جیا کا سندیش
میں تو بھول چلی بیٹھے رہے سیّاں نینوں کو جوڑے
اک پل اکیلا وہ مجھ کو نہ چھوڑے
نہیں کوئی جیا کو کلیش
گانا مرد: چندن کا بدن چنچل چتون دھیرے سے یہ تیرا مسکانا
مجھے دوش نہ دینا جگ والو ہو جائے اگر دل دیوانہ
یہ وشال نین جیسے نیل گگن
پنچھی کی طرح کھو جاؤں میں سرہانہ تیری باہوں کا
انگاروں پہ سو جاؤں میں میرا بیراگی من ڈول اٹھا
دیکھی جو ادا تیری مستانی
تن بھی سندر من بھی سندر
تو سندرتا کی مورت ہے
کسی اور کو شاید کم ہوگی
مجھے تیری بہت ضرورت ہے
پہلے بھی بہت دل ترسا تھا
تو اور نہ دل کو ترساتا

گانا تم کہاں چلا رے میرے جوگی جیون سنے تو بھاگ کے
کسی ایک دل کے کارن یوں ساری دنیا کو تیاگ کے

چھوڑ دے ساری دنیا کسی کے لئے
یہ مناسب نہیں آدمی کے لئے

پیار سے بھی ضروری کئی کام ہیں
پیار سب کچھ نہیں آدمی کے لئے

تن سے تن کا ملن ہو نہ پایا تو کیا
من سے من کا ملن کوئی کم تو نہیں
خوشبو آتی رہے دور ہی سے سہی
سامنے ہو چمن کوئی کم تو نہیں

چاند ملتا نہیں سب کو سنسار میں
ہے دیا ہی بہت روشنی کے لئے

کتنی حسرت سے تکتی ہیں کلیاں تمہیں
کیوں بہاروں کو پھر سے بلاتے نہیں
ایک دنیا اجڑ ہی گئی ہے تو کیا
دوسرا تم جہاں کیوں بساتے نہیں

دل نہ چاہے بھی تو ساتھ سنسار کے
چلنا پڑتا ہے سب کی خوشی کے لئے

ختم

پریس دہلی

اردو انگلش میٹرک پاس

دنیا کے ایک کونے سے دوسرے کونے تک انگریزی بولی جاتی ہے۔ دنیا کے چھوٹے بڑے بیوپاروں میں ملوں میں اور کارخانوں میں غرضیکہ دنیا میں ہر جگہ انگریزی کا بول بالا ہے۔ آپ انگریزی نہیں جانتے تو آپ دنیا سے الگ تھلگ پڑے رہیں گے۔ اسلئے انگریزی سیکھئے۔ انگریزی خاندانوں میں جس طرح بچے اپنے گھر والوں سے انگریزی بولنا سیکھ لیتے ہیں آپ بھی صرف ایک گھنٹہ روزانہ ہماری کتاب کو پڑھکر تین مہینے میں سیکھ سکتے ہیں۔ اور میٹرک کی قابلیت حاصل کر سکتے ہیں

یہ کتاب یورپ کے ایک مشہور مصنف کی کتاب کی مدد سے لکھی گئی ہے۔ یہ کتاب ہائی سکول و کالج کے لڑکوں کیلئے فائدہ مند ہے بہت آسان زبان میں لکھی گئی ہے صرف انگریزی میں میٹرک کا امتحان دینے والے لڑکے اور لڑکیاں اس اصلی کتاب کی مدد سے پاس ہو گئے ہیں جلد منگوا کر فائدہ اٹھائیے

قیمت صرف چھ روپے معہ ڈاک خرچ

نرنجن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی